# تعارف و تبصرہ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

## (۱)

نام کتاب : تعارفِ الکتاب

مؤلف : ڈاکٹر اسرار احمد

ضخامت : 162 صفحات ۔ قیمت:60روپے

ملنے کا پتہ: صفہ پبلشرز‘19-اے‘ایبٹ روڈ لاہور

ڈاکٹر اسرار احمد حفظہ اللہ تعالیٰ کسی تعارف کے محتاج نہیں۔ شعور کی عمر سے ہی وہ قرآن کریم کے درس وتدریس میں مشغول ہیں۔ قرآن کا پیغام عام کرنا ہی انہوں نے اپنی زندگی کا مقصد قرار دے رکھا ہے۔ انجمن خدام القرآن‘ قرآن اکیڈمی‘ تنظیم اسلامی ڈاکٹر صاحب کے لگائے ہوئے باغیچے ہیں جو اسلامی تعلیمات کی مقدس مہک چہار دانگ عالم میں پھیلا رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے قرآن فہمی کی خصوصی صلاحیت عطا ہوئی ہے جس سے انہوں نے بھرپور فائدہ اٹھایا ہے۔ قرآنی آیات کے درس میں وہ اسلاف کی تحقیق کو نظر انداز کر کے انوکھی باتیں کرنے کے قائل نہیں‘ بلکہ وہ دل نشین انداز میں قرآن مجید کی وہی تشریح کرتے ہیں جو اُمت کے صائب الرائے علماء سے منقول ہے۔ ان کا درسِ قرآن سامعین کے قلوب واذہان میں اتر جاتا ہے اور وہ اپنا جائزہ لینے پر مجبور ہو جاتے ہیں۔

ڈاکٹر اسرار احمد صاحب کئی کتابوں کے مصنف ہیں۔ الکتاب ان کی ٹیلیویژن پر نشر ہونے والی تیس تقاریر کا مجموعہ ہے جو ۱۳۹۸ھ کے رمضان المبارک میں پروگرام ''الکتاب'' کے عنوان سے پیش کی گئیں۔ چونکہ رمضان شریف کے دوران قیام اللیل میں ہر روز ایک پارے کی تلاوت کی جاتی ہے اس لیے اس پروگرام میں ہر تقریر ایک پارے کے مضامین کی مختصر تشریح پر مشتمل ہے۔ یوں اس کتاب کے سنجیدہ مطالعے سے قارئین قرآنی تعلیمات سے خاصی واقفیت حاصل کر سکتے ہیں اور انہیں اپنے دین کے اوّلین سرچشمہ قرآن حکیم سے اچھا خاصا تعارف ہو جائے گا۔ خاص طور پر رمضان شریف کی راتوں میں قرآن مجید کا جو پارہ